مرد و عورت ایک دوسرے کے لئے نعمتِ خداوندی ہیں

(فرمودہ ۱۹۱۶ء)[1]

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے خطبہ مسنونہ کی تلاوت کے بعد سربلند خاں صاحب پٹواری شجاع آباد ضلع ملتان کا نکاح میاں گوہر علی صاحب کی لڑکی سردار بیگم سے ایک سو پچیس ۱۲۵ روپے مہر پر پڑھتے ہوئے خطبہ میں مرد کے لئے عورت اور عورت کے لئے مرد ایک بڑی نعمت بتاتے ہوئے اس نعمت کے پیدا کرنے والے خدا تعالیٰ کا شکر گزار اور اطاعت شعار بننے کی تاکید فرمائی۔

(الفضل ۹۔ ستمبر ۱۹۱۶ء صفحہ ۱)

[1] تاریخ کا تعین نہیں ہو سکا۔